امتحانی پرچوں اور نمبرات کے اعتبار سے داخل نصاب کتب کی تفصیل

وفاق المدارس کے سالانہ امتحان میں ہر درجے کے چھے پرچے ہوتے ہیں جبکہ بعض درجات کے نصاب میں کتابیں چھے سے زیادہ ہیں، جس کی وجہ سے کچھ کتابوں کا ایک پرچہ ہوتا ہے۔ ذیل میں پرچوں کے اعتبار سے نصاب میں داخل کتابوں کی تفصیل دی جاتی ہے:

☆......ثانویہ عامہ (درجہ ثانیہ) کے پرچوں میں ہدایۃ النحو کے ساتھ تسہیل الادب کا ایک سوال ہوگا۔ باقی پرچے اپنی ترتیب پر حسب سابق برقرار رہیں گے۔

☆......ثانویہ خاصہ (درجہ رابعہ) کے پرچوں میں قطبی کے ساتھ دروس البلاغہ، اور تلخیص المفتاح کا بھی ایک ایک سوال ہوگا۔ اور باقی پرچے پرانی ترتیب پر ہوں گے۔

☆......عالیہ (درجہ سادسہ) میں تفسیر جلالین کے ساتھ اصول تفسیر الفوز الکبیر کا بھی ایک سوال ہوگا جبکہ مؤطا امام محمد، مسند امام اعظم، خیر الاصول، میراث (تسہیل الفرائض اور سراجی) کا ایک پرچہ ہوگا۔

اسی طرح شرح عقائد نسفیہ (از عذاب قبر تا آخر)، العقیدۃ الطحاویہ اور فلکیات (الھیئۃ الوسطی اور فہم فلکیات) کا ایک پرچہ ہوگا۔

☆☆☆

اس سال ''الدراسات الدینیہ'' کے سال اول کا امتحان وفاق کے تحت ہوگا جن کے پرچوں کی تفصیل یہ ہے:

نمبر شمار	موضوع	ورقہ	مضامین
۱	ترجمہ و تفسیر	تحریری	از سورۃ یونس تا عنکبوت
۲	حدیث	تحریری	معارف الحدیث اول و دوم
۳	عقائد و اخلاق تاریخ و سیرت	ان دونوں موضوعات کا ایک ہی تحریری ورقہ ہوگا	حیات المسلمین، تعلیم الدین قصص النبیین اول و دوم
۴	نحو و صرف	تحریری	علم الصرف اولین، علم النحو
۵	فقہ	تحریری	بہشتی زیور اول و دوم
۶	اللغۃ والادب	تحریری	عربی کا معلم اول و دوم